چھٹا اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز بدھ 23۔ جنوری 2019

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ

## لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

بروز پیر 7 جنوری 2019 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

سرگودھا:۔ میونسپل کمیٹی سلانوالی پی پی 79 میں ترقیاتی کاموں سے متعلقہ تفصیلات

* 171: رانا منور حسین: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) ضلع کونسل سرگودھا اور میونسپل کمیٹی سلانوالی کے تحت پی پی 79 میں ترقیاتی کاموں کی تفصیل بتائیں؟

(ب) ان منصوبوں پر کتنی رقم خرچ آئے گی؟

(ج) کب تک مکمل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟

(د) میونسپل کمیٹی سلانوالی کے ترقیاتی بجٹ کی تفصیل سے آگاہ کریں نیز ترقیاتی سکیموں کی تفصیل سے بھی آگاہ کریں؟

(ہ) میونسپل کمیٹی سلانوالی کا جو مسئلہ بابت نقشہ فیس میں خوردبرد اینٹی کرپشن سرگودھا میں زیر التواء ہے اس کی وجہ کیا ہے؟

(تاریخ وصولی 5 ستمبر 2018 تاریخ ترسیل 5 اکتوبر 2018)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) i۔ مالی سال 19-2018 کے دوران کل 32 کام پرپوز کیے گئے ہیں جن کی کل ایلوکیشن۔/4,68,00,000 روپے (چار کروڑ اڑسٹھ لاکھ روپے) ہے جن پر ابھی تک ٹینڈر نہ ہو سکا ہے۔

ii۔مالی سال 19-2018 میں مبلغ -/61,00,000 روپے (اکسٹھ لاکھ روپے) ترقیاتی کاموں کے لیے مختص کیے گئے ہیں جن سے 15 منظور شدہ سکیمیں مکمل کی جائیں گی ان 15 سکیموں میں سے 5 سکیموں پر ٹینڈر کے لیے کارروائی کی جارہی ہے۔ نومبر 2017 سے فنانس ڈیپارٹمنٹ سے PFC ڈویلپمنٹ گرانٹ جاری نہ ہوئی ہے۔

(ب) ڈسٹرکٹ کونسل سرگودھا کی اے ڈی پی مالی سال 19-2018 میں کل رقم -/4,68,00,000 روپے (چار کروڑ اڑسٹھ لاکھ روپے) خرچ آئیں گے۔

میونسپل کمیٹی سلانوالی کی اے ڈی پی مالی سال 19-2018 میں کل رقم -/61,00,000 روپے (اکسٹھ لاکھ روپے) خرچ آئیں گے۔

(ج) میونسپل کمیٹی سلانوالی نامکمل جاری شدہ اور کونسل سے منظور شدہ ترقیاتی سکیموں کو 30.06.2019 میں مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(د) میونسپل کمیٹی، سلانوالی کا ترقیاتی بجٹ مالی سال 19-2018 -/61,00,000 (اکسٹھ لاکھ روپے) ہے۔ میونسپل کمیٹی، سلانوالی کے ترقیاتی کاموں کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) میونسپل کمیٹی، سلانوالی کا جو مسئلہ بابت نقشہ جات کے بارے میں کیس اینٹی کرپشن سرگودھا میں زیر کارروائی ہے نیز جو بھی نقشہ جات برائے منظوری میونسپل کمیٹی سلانوالی

میں آتے ہیں ان کی فیس شیڈول کے مطابق وصول کر کے میونسپل کمیٹی سلانوالی فنڈ میں جمع کروادی جاتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 2 دسمبر 2018)

اوکاڑہ: پی پی 185 میں واٹر فلٹریشن پلانٹ سے متعلقہ تفصیلات

*621: چودھری افتخار حسین چھچھر: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پی پی 185 ضلع اوکاڑہ کے شہر منڈی احمد آباد کے محلہ کریم آباد، ٹھٹھہ بلوچاں والا، محلہ ٹاؤن کمیٹی، محلہ سوڈیوال، محلہ ٹھٹھہ بہرام میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی سہولت نہ ہے؟

(ب) میونسپل کمیٹی بصیرپور اور ٹاؤن کمیٹی منڈی احمد آباد میں کتنے واٹر فلٹریشن پلانٹ درست حالت میں اور کتنے ناکارہ ہیں؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ قصبہ جات میں صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ ہیپاٹائٹس جیسی موذی مرض میں مبتلا ہو رہے ہیں؟

(د) مذکورہ علاقہ جات میں سال 19-2018 کے بجٹ میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے نیز حکومت کب تک مذکورہ علاقہ جات میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 31 اکتوبر 2018 تاریخ ترسیل 28 نومبر 2018)

## جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ بات درست ہے کہ پی پی 185 ضلع اوکاڑہ کے شہر منڈی احمد آباد کے محلہ کریم آباد، ٹھٹھہ بلوچاں والا، محلہ ٹاؤن کمیٹی، محلہ سوڈیوال، محلہ ٹھٹھہ بہرام میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی سہولت نہ ہے۔

(ب) میونسپل کمیٹی بصیر پور میں 2 عدد فلٹریشن پلانٹ موجود ہیں۔ جن میں ایک دفتر میونسپل کمیٹی اور دوسرا واٹر ورکس میونسپل کمیٹی سٹی روڈ پر واقع ہے۔ جبکہ میونسپل کمیٹی منڈی احمد آباد کے پاس 1 عدد فلٹریشن پلانٹ موجود ہے جو کہ ریلوے لائن کے قریب واقع ہے۔ تینوں درست حالت میں موجود ہیں۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔

(د) میونسپل کمیٹی بصیر پور اور میونسپل کمیٹی منڈی احمد کے پاس بجٹ کی کمی کی وجہ سے نئے فلٹریشن پلانٹ کے لیے سال 19-2018 میں بجٹ موجود نہ ہے۔ نومبر 2017 سے محکمہ خزانہ کی طرف سے ڈویلپمنٹ گرانٹ بھی جاری نہ ہوئی ہے۔ جیسے ہی میونسپل کمیٹی بصیر پور اور میونسپل کمیٹی منڈی احمد آباد کو حکومت کی طرف سے فنڈز مہیا ہونگے تو دونوں میونسپل کمیٹیاں ہاؤس کی منظوری کے بعد نئے فلٹریشن پلانٹس لگانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 21 جنوری 2019)

---

## لاہور: سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ٹھیکہ سے متعلقہ تفصیلات

*741: جناب گلریز افضل گوندل: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حکومت نے لاہور شہر کی صفائی کے لئے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا جو ٹھیکہ دیا ہے اس کی تفصیلات کیا ہیں؟

(ب) اس کی ادائیگی کی شرائط کیا ہیں اور ادائیگی کس کرنسی میں ہو گی؟

(تاریخ وصولی 30 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 4 جنوری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ایل ڈبلیو ایم سی اور دو ترکش کمپنیاں البراک اور اوزپاک کے مابین ایک معاہدہ طے پایا گیا۔ جس کی رو سے مذکورہ کمپنیاں 320 ملین US ڈالر کے عوض صفائی، سالڈ ویسٹ اٹھانے اور لینڈ فل سائٹ پر کوڑے کو پہنچانے کے لیے فروری 2012 سے فیلڈ آپریشن شروع کرنے کی مجاز ہے۔ معاہدے کی رو سے کمپنیاں درج ذیل نکات کی پابند ہے:۔

1۔ کنٹینرز ویسٹ کولیکشن

2۔ ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن

3۔ مکینیکل سوئیپنگ

4۔ مکینیکل واشنگ

5۔ مینول سوئیپنگ

سات سالہ معاہدہ کے مطابق کام کی مقدار اور پیمائش یونٹس کی تفصیل:۔

| مشینری | پیمائش یونٹ | البراک | اوزپاک | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کنٹینر بیسڈ ویسٹ کو لیکشن | ٹن | 3,500,000 | 3,400,000 | 6,9000,000 |
| ڈور ٹو ڈور ویسٹ کو لیکشن | ٹن | 3,500,000 | 3,400,000 | 6,9000,000 |
| مکینیکل سوئیپنگ | ہیکٹر | 316,000 | 275,000 | 591,000 |
| مکینیکل واشنگ | ٹیم ڈے | 20,000 | 20,000 | 40,000 |
| مینول سوئیپنگ | ٹیم ڈے | 593,000 | 618,000 | 1,211,000 |

(ب)معاہدے کے مطابق سر انجام دی جانے والی سر گرمیوں کی پیائش اور فی یونٹ قیمت معاہدے میں بیان کر دی گئی ہے۔ معاہدے میں درج تمام کام کا معاوضہ USڈالر میں مقرر کیا جائے گا جبکہ یہ معاوضہ ترک کنٹریکٹر کو پاکستانی روپوں میں ادا کیا جائے گا۔

معاہدے کے مطابق ڈالر کو پاکستانی روپے میں تبدیل کر کے ادائیگی کی جائے گی۔

ان بلوں کی ادائیگی کے لیےUSڈالر مالیت کو پاکستانی روپوں میں تبدیل کر کے دیا جائے گا کنٹریکٹ کے تناظر میں جو کہ 30٪ فیصد مالیت تبدیل کی جاتی ہے۔ ایکسچینج ریٹ کے اوپر کنٹریکٹ کی تاریخ جیسا کہ ونUSڈالر برابر ہے پاکستانی روپے86.0092۔ جبکہ سٹیٹ بنک آف پاکستان کی طرف سے 70٪ فیصد ایکسچینج ریٹ مالیت تبدیل کی جاتی ہے

ایل ڈبلیو ایم سی ٹھیکیداروں کی جانب سے دعویٰ کی گئی رقم ادا کرنے سے پہلے اس بات کی مجاز ہو گی کہ وہ کام کی جانچ پڑتال، دعویٰ کی جانے والی رقم اور کام پیمائش کا موزانہ کرے

کام میں کوتاہی کی صورت میں ایل ڈبلیو ایم سی ٹھیکیدار کو کٹوتی / جرمانہ کرنے کا حق رکھے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 22 جنوری 2019)

| | |
|---|---|
| لاہور | محمد خان بھٹی |
| 22 جنوری 2019 | سیکرٹری |

## بروز بدھ مورخہ 23۔ جنوری 2019 کو محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے سوالات و جوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | رانا منور حسین | 171 |
| 2 | چودھری افتخار حسین چھچھر | 621 |
| 3 | جناب گلریز افضل گوندل | 741 |